# تبصرے

**رسالۂ اخلاقیات برائے جماعت دہم** | مولفہ ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب صدر شعبہ فلسفۂ جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن۔ تقطیع خورد ضخامت ۱۶۴ صفحات قیمت پڑھی نہیں گئی۔ پتہ :۔ کتاب محل، چار کمان حیدرآباد دکن۔

یہ ظاہر ہے کسی انسان کی زندگی کی کامیابی یا ناکامیابی اور اس کا نیک و بد ہونا اُس کی سیرت کی تعمیر و تکمیل پر موقوف ہے۔ اور سیرت کی تعمیر و تشکیل نتیجہ ہوتی ہے اچھی بری عادتوں کے رسوخ اور ان کی پختگی کا۔ پھر علماءِ نفسیات کے نزدیک یہ بھی مسلم ہے کہ عادات کی پختگی اور اُن کے توسط سے تعمیرِ سیرت کا بہترین زمانہ وہی ہوتا ہے جبکہ عمر کا مسافر بچپن کے ساتھی سے گلے مل کر رخصت ہوتا اور آغازِ شباب کے ایک نئے ساتھی کو اپنی رفاقت کے لئے اختیار کرلیتا ہے۔ سیرت کی تعمیر جس طرح دینی زندگی کو بہتر بنانے کے لئے ضروری ہے۔ دنیوی زندگی کی کامیابی کا انحصار بھی اسی پر ہے۔ اس بنا پر یہ نہایت ضروری ہے کہ تعلیم کی درمیانی منزل میں ہی طلبا اور طالبات کو علمِ اخلاق کے اہم اصول و مبادی سے واقف کردیا جائے تاکہ شروع میں ہی یہ چیزیں ذہن نشین ہوجائیں اور مستقبل کی زندگی اسی سانچہ میں ڈھل سکے۔ اسی ضرورت کے پیشِ نظر فاضل مصنف نے یہ کتاب لکھی ہے اور کوئی شبہ نہیں کہ مقصدِ تالیف اور حقِ موضوع کی ادائیگی کے اعتبار سے یہ بہمہ جہت کامیاب تصنیف ہے۔

کتاب گیارہ ابواب پر مشتمل ہے۔ جن میں سے دس ابواب میں ملکۂ شجاعت و عفت اور عدالت سے متعلق مختلف فضائل کا بیان۔ ان کی تشریح و توضیح۔ افادیت۔ انھیں حاصل کرنے کے طریقے اور ان کے بالمقابل جو رذائل ہیں انھیں دور کرنے کی تدبیروں وغیرہ کا ذکر ہے۔ زبان عام فہم